اسمٰعیل میرٹھی

(1844-1917)

محمد اسمٰعیل میرٹھی کی پیدائش میرٹھ میں ہوئی۔ اُنھیں بچپن سے پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ اپنے شوق اور محنت سے اُنھوں نے بڑی ترقّی کی۔ کم عمری میں ملازم ہوگئے۔ علم وادب کی دنیا میں نام پیدا کیا۔

اردو اور فارسی کے اُستاد کی حیثیت سے انھوں نے بچّوں کی نفسیات، ذوق وشوق، دل چسپی ، پسند اور ناپسند کا خیال رکھتے ہوئے نظمیں لکھیں اور اردو کی درسی کتابیں تیار کیں۔ یہ کتابیں ہر زمانے میں مقبول ہوئیں اور آج بھی شوق سے پڑھی جاتی ہیں۔

اسمٰعیل میرٹھی نے ان کتابوں میں آسان اور سادہ زبان استعمال کی ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں سے بڑے نتائج پیدا کرنا اسمٰعیل میرٹھی کا خاص انداز ہے۔ بلاشبہ وہ آج بھی بچّوں کے پسندیدہ اور اہم شاعر ہیں۔

© NCERT
not to be republished

ایک بچّہ اور جگنو کی باتیں

4924CH04

سناؤں تمھیں بات اِک رات کی ۔۔۔ کہ وہ رات اندھیری تھی برسات کی
چمکنے سے جگنو کے تھا اِک سماں ۔۔۔ ہَوا پر اُڑیں جیسے چِنگاریاں
پڑی ایک بچّے کی اُن پر نظر ۔۔۔ پکڑ ہی لیا ایک کو دوڑ کر
چمک دار کیڑا جو بھایا اُسے ۔۔۔ تو ٹوپی میں جھَٹ پَٹ چھُپایا اُسے
وہ جھَم جھَم چمکتا اِدھر سے اُدھر ۔۔۔ پھِرا، کوئی رستہ نہ پایا مگر
تو غمگین قیدی نے کی اِلتجا ۔۔۔ کہ چھوٹے شکاری! مجھے کر رِہا

© NCERT not to be republished

جگنو

خدا کے لیے چھوڑدے چھوڑدے مِری قید کے جال کو توڑدے

بچّہ

کروں گا نہ آزاد اُس وقت تک کہ میں دیکھ لوں دن میں تیری چمک

جگنو

چمک میری دن میں نہ دیکھوگے تم اُجالے میں ہوجائے گی وہ تو گُم

بچّہ

ارے چھوٹے کیڑے نہ دے دَم مجھے کہ ہے واقفیت ابھی کم مجھے
اُجالے میں دن کے کھُلے گا یہ حال کہ اتنے سے کیڑے میں ہے کیا کمال
دھواں ہے نہ شعلہ نہ گرمی نہ آنچ چمکنے کی تیری کروں گا میں جانچ

جگنو

یہ قدرت کی کاری گری ہے جناب کہ ذرّے کو چمکائے جوں آفتاب
مجھے دی ہے اِس واسطے یہ چمک کہ تم دیکھ کر مجھ کو جاؤ ٹھِٹھک
نہ الھڑ پنے سے کرو پائمال سنبھل کر چلو آدمی کی سی چال

(اسمٰعیل میرٹھی)

not to be republished © NCERT

2019-20

مشق

i۔ معنی یاد کیجیے

سماں	:	منظر
غمگین	:	اُداس
اِلتجا	:	درخواست، گذارش
رِہا	:	آزاد
دَم دینا (محاورہ)	:	دھوکا دینا
واقفیت	:	جانکاری
جوں	:	جیسے، جس طرح
کاری گری	:	ہُنر، فن
آفتاب	:	سورج
الھّڑ پن	:	بھولا پن، نادانی
پائمال کرنا	:	روندنا، کُچلنا

ii۔ سوچیے اور بتائیے

1۔ جگنو کے چمکنے سے کیسا سماں تھا؟

2۔ جگنو کو دیکھ کر بچّے نے کیا کیا؟

© NCERT not to be republished

3۔ جگنو نے بچّے سے کیا فریاد کی؟

4۔ بچّہ جگنو کے بارے میں کیا جانچ کرنا چاہتا تھا؟

5۔ جگنو نے بچّے کو کیا صلاح دی؟

© NCERT not to be republished